الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد

25 فروری 2023

*قومی اسمبلی حلقہ این اے193 راجن پور-I ضمنی انتخابات 26فروری 2023*

*الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکریٹریٹ اسلام آباد میں تین روز کے لئے کنٹرول روم / شکایت سیل قائم*

قومی اسمبلی حلقہ این اے 193 راجن پور -1میں 26 فروری کو منعقد ہونے والے ضمنی انتخابات کی نگرانی کے لئے اسلام آباد سیکریٹریٹ میں کنٹروم روم قائم کر دیا گیا۔

مرکزی کنٹرول روم 25 فروری سے 27 جنوری تک قائم کیا گیا ہے۔

مرکزی کنٹروم روم سے سئینر افسران بمع مانیٹرنگ ٹیم تین روز تک بلا تعطل انتخابی عمل لی کڑی نگرانی کریں گے۔

اس کے علاوہ انتخابی عمل کے حوالے سے شکایات کا فوری ازالہ بھی کیا جائے گا۔

مزید برآں صوبائی الیکشن کمشنر دفتر، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر نے بھی خصوصی کنٹرول روم قائم کئے ہیں۔

یہ کنٹرول روم پولنگ کا عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتے رہیں گے

الیکشن کمیشن کی ہدایت پر ڈسٹرک کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس، رینجرز اورپاک فوج کے حکام یاان کے نمائندگان بھی موجود رہیں گے تاکہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔

پولنگ کے حوالے سے شکایات درج کرانے کے لئے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کیجئے ۔

مرکزی کنٹرول روم ، الیکشن کمیشن اسلام آباد

فون نمبر 051-9204403-----051-9210837

051-9210838-----051-9204402

فیکس نمبر 051- 9204404

ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com